آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

رجسٹرڈ نمبر 243

روزنامہ

# نوائے احمدپور شرقیہ

بہاولپور

چیف ایڈیٹر احسان احمد سحر

ایڈیٹر محمد سلیمان فاروقی

منیجنگ ایڈیٹر نجم النساء بخاری

ٹیلیفون نمبر 062-2508053

موبائل 0301-7740405

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

جلد نمبر 16 | بدھ 29 جون 2022ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زرسالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 109

## پنجاب کے ہسپتالوں میں سدھار، حمزہ شہباز کی تمام ہسپتالوں کی او پی ڈیز اور صوبے کے 85 تحصیل ہیڈکوارٹرز ہسپتالوں کو بہتر بنانے کے پلان کی منظوری

**6 سے آٹھ ماہ میں تمام ہسپتالوں کی او پی ڈیز میں صحت کی سہولتوں کو بہتر بنانے کی ہدایت، اس پروگرام پر پیشرفت کی نگرانی وزیراعلیٰ پنجاب خود کریں گے**

وزیراعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز شریف عوام کو صحت کی معیاری سہولتوں کی فراہمی کے پروگرام کا جائزہ لینے سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں۔

لاہور (نامہ نگار) پنجاب کے ہسپتالوں میں سدھار۔۔۔ وزیراعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز شریف نے تمام ہسپتالوں کی او پی ڈیز اور صوبے کے 85 تحصیل ہیڈکوارٹرز ہسپتالوں کو بہتر بنانے کے پلان کی منظوری دے دی۔ وزیراعلیٰ حمزہ شہباز نے کہا ہے کہ 6 سے آٹھ ماہ میں تمام ہسپتالوں کی او پی ڈیز میں صحت کی سہولتوں کو بہتر بنایا جائیں اور اس پروگرام پر پیشرفت کی نگرانی وہ خود کریں

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### شمالی وزیرستان، پولیو ٹیم پر نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 2 اہلکار جاں بحق

شمالی وزیرستان (بوائین پی) شمالی وزیرستان میں پولیوں کے قطرے پلانے والے ٹیم پر نامعلوم افراد کی فائرنگ کردی۔ تفصیلات کے مطابق شمالی وزیرستان میں پولیو ٹیم قطرے پلانے میں مصروف

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### وزیراعظم سے وزیر خارجہ کی اہم ملاقات، سیاسی صورتحال پر گفتگو

**ملاقات میں اتحادی جماعتوں کے تحفظات اور دیگر معاملات پر تبادلہ خیال ہوا**

اسلام آباد (یو این پی) وزیر اعظم شہباز شریف سے وزیر خارجہ بلاول بھٹو کی اہم ملاقات ہوئی، ملاقات میں چین سے ملنے والے فنڈز اور آئی ایم ایف سے متعلق امور پر گفتگو ہوئی۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف سے وزیر خارجہ بلاول بھٹو کی ون ٹو ون اہم ملاقات ہوئی، ملاقات میں اتحادیوں سے متعلق معاملات

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## حکومتی محصولات کے اہداف بروقت مکمل کرنے کیلئے تمام ریونیو وصولی جائنٹ کمشنرز بہاولپور بروئے کار لائے

**ریونیو افسران فیلڈ میں سرکاری واجبات کے سو فیصد اہداف حاصل کرنے کے لیے فعال کردار ادا کریں، کمشنر کی انتظامی افسران کو ہدایت**

کمشنر بہاولپور ڈویژن راجہ جہانگیر انور زرعی انکم ٹیکس اور آبیانہ کے اہداف کے جائزہ کیلئے منعقدہ اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں۔

بہاولپور (پ ر) کمشنر بہاول پور ڈویژن راجہ جہانگیر انور نے کہا ہے کہ حکومتی محصولات کے

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### لیگی رہنما نے اسحاق ڈار کو ملک کی ضرورت قرار دیا

**اسحاق ڈار پارٹی کی نہیں پاکستان کی ضرورت ہیں، لیگی رہنما طلال چوہدری کی گفتگو**

اسلام آباد (یو این پی) لیگی رہنما نے سابق وزیر خزانہ اسحاق ڈار کو ملک کی ضرورت قرار دیا۔ مسلم لیگ ن کے رہنما طلال چوہدری کا کہنا

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### خیبر پختونخوا میں ایک ہزار سے زائد پرائمری سکولز کرایے کے عمارتوں میں قائم

پشاور (یو این پی) خیبر پختونخوا میں پرائمری سکولز مسائل سے دوچار، ایک ہزار سکولز کے ذاتی عمارتیں نہ ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ سال 2021 کے محکمہ تعلیم کی رپورٹ نے پرائمری سکولز کا پول کھول دیا۔ وزیر تعلیم شہرام ترکئی کے آبائی ضلع

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### اسپیکر قومی اسمبلی کو پی ٹی آئی کے 8 ارکان کے استعفے منظور کرنے کی تجویز

**اسپیکر قومی اسمبلی کا سیکرٹریٹ کی ایڈوائس پر حکمران اتحاد سے مشاورت کا فیصلہ**

اسلام آباد (یو این پی) قومی اسمبلی

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور عالمی سطح پر ابھرتی ہوئی یونیورسٹی جہاں ایوی ایشن سائنسز کا شعبہ قائم کیا گیا

وائس چانسلر انجینئر پروفیسر ڈاکٹر اطہر محبوب

**وائس چانسلر کا ایئر مارشل محمد مغیث افضل، چیئرمین پاکستان ایرونائٹیکل کمپلیکس سے ایک ملاقات کے دوران اظہار خیال**

ایئر مارشل مغیث افضل چیئرمین پاکستان ایرونائٹیکل کمپلیکس وائس چانسلر آئی یو بی پروفیسر ڈاکٹر اطہر محبوب کو دورہ کے موقع پر یادگاری شیلڈ دے رہے ہیں۔

بہاولپور (پ ر) پروفیسر ڈاکٹر اطہر محبوب وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور نے کہا ہے کہ اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور عالمی سطح پر ابھرتی ہوئی یونیورسٹی ہے جہاں پر ہزاروں طلبا طالبات دور جدید کے اہم ترین مضامین میں اپنی مہارت

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### زرداری اور شریف خاندان اپنی آدھی دولت لے آئیں تو پاکستان بحران سے نکل جائیگا، عمران خان

**حکومت اور جمہوریت اخلاقی قوت سے چلتی ہے ڈنڈوں سے نہیں، بنی گالہ میں پریس کانفرنس**

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان نے کہا ہے کہ زرداری اور شریف خاندان اپنی دولت کا پچاس فیصد حصہ لے آئیں تو پاکستان بحران سے نکل جائے گا۔ اسلام آباد میں اپنی رہائش گاہ بنی

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### مہاراجہ رنجیت سنگھ برسی کی تقریب آج (بدھ کو) ہوگی

لاہور (یو این پی) مہاراجہ رنجیت سنگھ کی 183 ویں برسی کی مرکزی تقریب آج (بدھ کو)

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### اگلی بار پورے پاکستان میں ہماری حکومت آئیگی، وزیراعلیٰ سندھ

**نواز شریف کو اقامے پر نکالا گیا تھا لیکن عمران خان کی حکومت آئینی طریقے سے ختم کی**

کراچی (یو این پی) وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے دعویٰ کیا ہے کہ اگلی بار پورے پاکستان میں ہماری حکومت آئے گی۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ بینظیر کی حکومت ختم کی، یوسف گیلانی کو سزا دے کا ہٹایا گیا، نواز شریف کو اقامے پر نکالا گیا تھا لیکن تاریخ میں پہلی بار آئینی طریقے کار سے ان کی حکومت ختم کی۔ مراد علی شاہ کا کہنا تھا کہ سارے ڈائریکٹ ٹیکسز وفاق کے پاس ہیں، آئین نے حق دیا ہے، ہمیں جو حصہ ملتا ہے وہ ہمارا حق ہیکو ئی احسان نہیں کررہا۔ سابق حکومت پر تنقید کرتے

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## پاکستان کو آئی ایم ایف سے قرض کی 2 اقساط ایک ساتھ ملنے کا امکان

**ساتویں اور آٹھویں اقتصادی جائزہ کے لیے پاکستان کو آئی ایم ایف سے میمورنڈم آف اکنامک اینڈ فسکل پالیسی فریم پروگرام کی کاپی موصول ہوگئی ہے، وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل کا ٹویٹ**

**ملک ڈیفالٹ ہونے کے خطرے سے نکل چکا ہے، آئی ایم ایف سے ساتویں اور آٹھویں قسط ایک ساتھ ملے گی، آئی ایم ایف نے دو اقساط کو ملا دیا ہے، ساتویں قسط 90 کروڑ ڈالر اور آٹھویں قسط تقریباً ایک ارب ڈالر کی ہے**

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) عالمی مالیاتی ادارے (آئی ایم ایف) کی جانب سے پاکستان کیلئے دو ارب ڈالر کی دو قسطیں جاری کرنے کی توقع ہے۔ آئی ایم ایف کے رواں ہفتے پاکستان کے ساتھ اسٹاف سطح کا معاہدہ طے پانے کی توقع ہے۔ وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل نے ٹویٹ میں بتایا کہ ساتویں اور آٹھویں اقتصادی جائزہ کے لیے پاکستان کو آئی ایم ایف سے میمورنڈم آف اکنامک اینڈ فسکل پالیسی فریم پروگرام کی کاپی موصول ہوگئی ہے۔ وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل نے کہا ہے ملک ڈیفالٹ ہونے کے خطرے سے نکل چکا ہے، آئی ایم ایف سے ساتویں اور آٹھویں قسط ایک ساتھ ملے گی۔ آئی ایم ایف نے دو اقساط کو ملا دیا ہے، ساتویں قسط 90 کروڑ ڈالر اور آٹھویں قسط تقریباً ایک ارب ڈالر کی ہے۔ اس سے قبل، حکومت اور آئی ایم ایف کے درمیان معاہدہ طے پایا تھا جس میں ایک لاکھ روپے ماہانہ تک تنخواہ لینے

بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### نواحی علاقہ ٹھیڑی ضبطی کی امیراں بی بی نے گھریلو ناچاقی پر کالا پتھر پی لیا

**ریسکیو ٹیم موقع پر پہنچ گئی اور خاتون کو طبی امداد کے بعد تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال داخل کرادیا**

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) گھریلو ناچاقی پر خاتون نے کالا پتھر پی لیا۔ ریسکیو ٹیم نے ہسپتال پہنچادیا۔ تفصیل کے مطابق نواحی علاقہ ٹھیڑی ضبطی

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## 15 سپاہیوں کو ہیڈ کانسٹیبل کے عہدہ پر ترقی دیدی

ایس پی پٹرولنگ ہائی وے پولیس بہاول پور ریجن ساجد حسن چوہدری نے

**ترقی پانے والے ہیڈ کانسٹیبلان کو ایس پی پٹرولنگ ساجد حسن چوہدری اور ڈی ایس پی محمد ناصر غوری نے بیج لگائے**



ایس پی پٹرولنگ ہائی وے پولیس ساجد حسن چوہدری اور ڈی ایس پی بہاولپور محمد ناصر غوری ہیڈ کانسٹیبل کے عہدہ پر ترقی پانے والے سپاہی کو بیج لگا رہے ہیں۔

بہاول پور (پ ر) ایس پی پٹرولنگ ہائی وے پولیس بہاول پور ریجن ساجد حسن چوہدری نے 15 سپاہیوں کو ہیڈ کانسٹیبل کے عہدہ پر ترقی دے دی۔ لوئر کلاس پاس کر کے ترقی پانے والے ہیڈ کانسٹیبلان کو ایس پی پٹرولنگ ساجد حسن

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### کمیونٹی پولیسنگ کو فروغ دنیا پٹرولنگ پولیس کی ترجیح ہے

**پبلک کے تعاون سے پیٹرولنگ پولیس کو مزید موثر بنائے رہے ہیں، انچارج پی پی ایچ پی جبار شہید**

اوچ شریف (خبر نگار) کمیونٹی پولیسنگ کو فروغ دنیا پٹرولنگ پولیس کی ترجیح ہے پبلک کے تعاون سے پیٹرولنگ پولیس کو مزید موثر بنائے رہے ہیں انچارج پی پی ایچ پی جبار شہید۔ تفصیلات کے مطابق انچارج پٹرولنگ پولیس

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### اوچ شریف شہر گندگی کے ڈھیر میں تبدیل

**بلدیاتی اداروں کی مجرمانہ غفلت، بے پروائی اور عدم دلچسپی نے شہر کو کچرا کنڈی میں تبدیل کردیا**

اوچ شریف (خبر نگار) اوچ شریف شہر گندگی کے ڈھیر میں تبدیل، بیماریاں پھیلنے کا خدشہ۔ اوچ شریف بلدیاتی اداروں کی مجرمانہ

بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## پرویز الٰہی ہی ہمارے وزارت اعلیٰ کے امیدوار ہیں شجاعت کی ن لیگ کے دعوے کی تردید

**صاف الفاظ میں واضح کرتا ہوں کہ چودھری پرویز الٰہی ہی وزارت اعلیٰ کے ہمارے امیدوار ہیں، ہمارے ارکان پنجاب اسمبلی کو ووٹ دیں گے، چوہدری شجاعت حسین**



لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان مسلم لیگ ق کے صدر چودھری شجاعت حسین نے پنجاب اسمبلی میں حمزہ شہباز کی حمایت کرنے کے ن لیگ کے دعوے کی تردید کردی۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ صاف الفاظ میں واضح

بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### اوچ شریف گردونواح میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کا جن بے قابو

**لوڈشیڈنگ سے عوام کی زندگی اجیرن**

اوچ شریف (خبر نگار) اوچ شریف گردونواح میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کا جن بے قابو، لوڈشیڈنگ سے عوام کی زندگی اجیرن - اوچ شریف گرد و نواح میں لوڈ شیڈنگ کا جن بے قابو، موجودہ حکومت کے لوڈ شیڈنگ خاتمے کے دعوے ٹھس کر گئے، ایک دن میں اٹھارہ گھنٹے کی لوڈ شیڈنگ اوچ شریف کی عوام کے ساتھ ظلم ہے، بچے، بوڑھے، مریض، خواتین راتوں کو جاگنے پر مجبور، لوڈشیڈنگ کی وجہ سے مچھروں نے

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## ضلع بہاولپور میں جانوروں میں لمپی سکن وائرس پھیلنے سے سیکڑوں جانور ہلاک

**لمپی سکن وائرس کا شکار گائیں اور بچھڑے ہو رہے ہیں جس کی وجہ سے قربانی کے لئے گائے اور بچھڑے کا کوئی خریدار ہی نہیں**

**مویشی پال افراد نے حکومت سے خصوصی پیکیج کے اعلان کا مطالبہ کیا ہے تاکہ ہمارا نقصان پورا ہو سکے**

چنی گوٹھ (نامہ نگار) ضلع بہاولپور میں جانوروں میں لمپی سکن وائرس پھیلنے سے سیکڑوں جانور ہلاک ہو چکے ہیں، بتایا گیا ہے کہ لمپی سکن وائرس کا شکار گائیں اور بچھڑے ہو رہے ہیں جس کی وجہ سے قربانی کے لئے گائے اور بچھڑے کا کوئی خریدار ہی نہیں جبکہ کٹے اور بکروں کے نرخوں میں غیر معمولی اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ مویشی پالنے والے افراد کا کہنا ہے کہ ہم ہر سال کروڑوں روپے

بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### کنور نوید جمیل کو برین ہیمبرج ہوگیا، آئی سی یو منتقل کردیا گیا

اسلام آباد (یو این پی) ایم کیو ایم پاکستان کے رہنما کنور نوید جمیل کو برین ہیمبرج ہوگیا، گذشتہ

بقیہ نمبر 30 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### اقلیتوں کو برابر کے حقوق ملنے چاہئیں، سید حسن مرتضیٰ

**پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عام آدمی اور اقلیتوں کی بات کی ہے، سینئر صوبائی وزیر**

لاہور (یو این پی) سینئر صوبائی وزیر پنجاب و پیپلز پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری سید حسن مرتضیٰ نے کہا ہے کہ اقلیتوں کو برابر کے حقوق ملنے چاہئیں، ہم نے ہمیشہ عام آدمی اور اقلیتوں کی بات کی ہے۔ وہ مرکزی سیکرٹریٹ میں ایم پی اے نوید

بقیہ نمبر 31 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## اوور ہیڈ برج پر ٹرک کی سائیڈ لگنے سے کارپل سے نیچے جا گری

**ایک ہی خاندان کے دو خواتین سمیت تین افراد شدید زخمی**

**زخمیوں کو ریسکیو 1122 کے ریسکیور نے ابتدائی طبی امداد دینے کے بعد بی وی ایچ بہاولپور منتقل کردیا**

چنی گوٹھ (نامہ نگار) اوور ہیڈ برج پر ٹرک کی سائیڈ لگنے سے کارپل سے نیچے جا گری ایک ہی خاندان کے دو خواتین سمیت تین افراد شدید زخمی۔ ریسکیو 1122 کے مطابق بہاولپور سے صادق آباد جانے والی کارٹرک کی سائیڈ لگنے سے اوور ہیڈ برج سے قلابازیاں کھاتی ہوئی نیچے جا گری جس کے نتیجے نسرین اختر، محمد ساجد اور مسز محمد ساجد شدید زخمی ہوگئے، زخمیوں کو ریسکیو

بقیہ نمبر 29 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

چنی گوٹھ: حادثہ کی شکار ہونیوالی کار کے زخمیوں کو ریسکیو 1122 کے اہلکار ابتدائی طبی امداد دے رہے ہیں۔

### اگر موجودہ حکومت نے اس سپر ٹیکس واپس نہ لیا تو ملک گیر ہڑتال کی کال کا اعلان کرینگے

**احمد پور شرقیہ صرافہ ایسوسی ایشن کے صدر محمد نعیم کھوکھر اور جنرل سیکرٹری خلیل الرحمن محمد آصف**

اوچ شریف (خبر نگار) احمد پور شرقیہ صرافہ ایسوسی ایشن کے صدر محمد نعیم کھوکھر اور جنرل سیکرٹری خلیل الرحمن محمد آصف نے اپنے مشترکہ بیان میں گورنمنٹ کی طرف سے لگائے جانے والے جنرل سپر ٹیکس کو مسترد کردیا انہوں نے مزید کہا کہ

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

چنی گوٹھ اور گردونواح میں لمپی سکن وائرس پھیلنے لگا، انتظامیہ خاموش۔

### کورونا کیسز میں اضافہ، پولیس اہلکاروں کو ماسک پہننا لازمی قرار

**پولیس اہلکار کورونا ایس او پیز کے تحت 6 فٹ کا سماجی فاصلہ رکھیں**

کراچی (یو این پی) سندھ میں کورونا کیسز میں اضافے کے بعد آئی جی سندھ نے پولیس اہلکاروں کو ماسک پہننا لازمی قرار دیا ہے جس کا نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا گیا ہے۔ جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق کراچی میں کورونا کیسز میں اضافے کے پیش نظر دوران ڈیوٹی پولیس اہلکاروں کو فیس ماسک پہننا لازمی قرار دے دیا گیا

بقیہ نمبر 27 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### وزیراعظم نے چیئرمین نیب کی تعیناتی کیلئے ناموں کا نیا پینل مانگ لیا

**وزیراعظم اور اپوزیشن لیڈر کے درمیان اتفاق کے بعد چیئرمین نیب کے نام کی سمری صدر کو ارسال کردی جائیگی**

اسلام آباد (یو این پی) چیئرمین نیب کی تعیناتی کے معاملے پر وزیراعظم شہباز شریف نے ناموں کا نیا پینل مانگ لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم نے اپنے سیکرٹری تو قیر شاہ کو اس عہدے کے لیے غیر جانبدار افراد کے نام دینے کی ہدایت کردی ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم اور اپوزیشن لیڈر کے درمیان چیئرمین نیب کے

بقیہ نمبر 28 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## او چشریف کو تحصیل کا درجہ دیا جائے: سید مجتہد رضوی

تحصیل احمد پور شرقیہ کو ضلع کا درجہ دیا اور

**پاکستان کی رقبہ کے لحاظ سے سب سے بڑی تحصیل ضلع بننے سے اب تک محروم ہے**

اوچ شریف (خبر نگار) تحصیل احمد پور شرقیہ کو ضلع کا درجہ دیا اور اوچ شریف کو تحصیل کا درجہ دیا جائے: سید مجتہد رضوی عامر غنی لنگاہ ایڈووکیٹ، عبدالستار خان ارشاد احمد شاد ملک یعقوب للس سید طیب حسین محمد اصغر قسمانی

بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### امریکہ اور پاکستان کے درمیان صحت کے شعبے میں تعاون کو فروغ دیا جارہا ہے، مسعود خان

**سفیر پاکستان نے زیر تعلیم طلبا اور ہیلتھ پروفیشنلز کو مبارکباد دی**

واشنگٹن (یو این پی) امریکہ میں تعینات سفیر پاکستان مسعود خان نے امریکہ کی معروف جانز ہاپکن یونیورسٹی کے طلبا اور ہیلتھ پروفیشنلز سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ امریکہ اور پاکستان کے درمیان صحت کے شعبے میں تعاون کو فروغ دیا جا

بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### اگلے تین ماہ میں معیشت دوبارہ ٹریک پر اور مہنگائی والا جن قابو میں ہوگا، حنا پرویز بٹ

لاہور (یو این پی) مسلم لیگ (ن) کی رکن

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### ملک بھر میں گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں مزید دو افراد چل بسے

اسلام آباد (یو این پی) ملک بھر میں گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں مزید دو افراد چل بسے۔ منگل

بقیہ نمبر 25 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### گرمی سے ستائے شہریوں کے لیے ٹھنڈی ٹھنڈی خوشخبری

**مون سون بارشوں کا پہلا اسپیل رواں ہفتے ہی شروع ہونے کا امکان**

اسلام آباد (یو این پی) ملک بھر میں شدید گرمی سے بے حال شہریوں کے لئے زبردست خوشخبری آئی ہے۔ محکمہ موسمیات نے جمعہ کے روز سے مختلف علاقوں میں بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ مون سون بارشوں کا پہلا اسپیل رواں ہفتے

بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## جولائی میں پاکستان واپس جاؤں گا، اسحاق ڈار کی تصدیق

**میری کی صحت کو درپیش چند مسائل کا علاج اگلے 12 روز میں مکمل ہونے کی توقع ہے، انٹرویو**

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما اور سابق وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے تصدیق کرتے ہوئے کہا ہے کہ جولائی میں پاکستان واپس جاؤں گا، فی الحال تیاریوں میں مصروف ہوں۔ برطانوی خبر رساں ادارے کو دیئے گئے ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ اگلے ماہ (میرا) پاکستان واپسی کا ارادہ تقریباً کنفرم ہے۔ میری کی صحت کو درپیش چند مسائل کا علاج اگلے 12 روز میں مکمل ہونے کی توقع ہے، ڈاکٹرز اگلے چند روز میں ان کے علاج کے مکمل ہونے کے بارے میں پرامید ہیں۔ پاکستان میں

بقیہ نمبر 26 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

# ایفا سکول سسٹم

پنجاب گروپ آف کالجز کا تعلیمی منصوبہ

نرسری تا نہم

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

نزد پنجاب کالج قینچی موڑ احمد پور

---

اب نئی انتظامیہ کے ساتھ

نرسری تا پنجم

# دی ایجوکیٹرز

بیکن ہاؤس سسٹم کا پراجیکٹ

## عثمان کیمپس

نزد مسجد العزیز حمزہ ٹاؤن احمد پور شرقیہ

---

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

پبلک ہائیر سیکنڈری

بوائز اینڈ گرلز

# احمد پور سکول

نرسری تا میٹرک

6 کنال رقبہ پر مشتمل سکول کیمپس

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

بی ایڈ، ایل ایل بی، ایم اے 0300-8688787

---

# القادریہ پبلک سکول (رجسٹرڈ)

(PEF-EVS) پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن

احمد پور شرقیہ کا قدیم سکول 1995ء سے قائم شدہ

Ph.0300-8155716

تحصیل کا پہلا واؤچر سکول جس میں داخلے پر (آپ کے بچے کی مکمل تعلیمی فیس گورنمنٹ ادا کریگی)

(PEF) اپنی واؤچر سکیم کے تحت نرسری سے ایف۔اے تک مفت تعلیم، مفت کتابوں کی سہولیات فراہم کرتا ہے

- خوبصورت بلڈنگ
- صاف ستھرا ماحول
- ہر بچے پر خصوصی توجہ
- بچوں کے جھولے
- دینی تعلیم، قرآن مجید، تفسیر، حدیث کی تعلیم
- لائبریری
- کمپیوٹر لیب

| مفت تعلیم | مفت کتابیں | اعلیٰ تعلیم یافتہ اساتذہ |
|---|---|---|

القادریہ پبلک سکول نزد حکیم حسنین کلینک ریلوے روڈ احمد پور شرقیہ

---

## حکیم محمد حسنین چوہان

ماہر امراض معدہ

ماہر امراض مخصوصہ

احمد پور شرقیہ کے سینئر کوالیفائیڈ حکیم

فارغ التحصیل گورنمنٹ کالج بہاولپور

فارغ التحصیل انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد

ماہر نباض، نبض دکھائیں، مرض حکیم صاحب خود بتاتے ہیں

امراض معدہ، معدہ آنتوں میں زخم، السر، ورم، معدہ آنتوں کی سوزش، قبض، پیچس، جوڑوں کا درد، شوگر کا یقینی خاتمہ، گردے مثانے کی پتھری بذریعہ دوائی اخراج، سستی، نامردی، جریان، احتلام، بانجھ پن، اولاد کا یقینی ہونا، الرجی، دمہ، ٹائیفائیڈ بخار اور ہر قسم کے مرض کے علاج کیلئے تشریف لائیں

ایڈریس: حسنین کلینک ریلوے روڈ احمد پور شرقیہ 0300-8155716

---

# پنجاب کالج احمد پور شرقیہ

| F.SC | F.A | I.C.S | I.COM |
|---|---|---|---|

(PEF-EVS) پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن

قینچی موڑ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

آپ کے معیار کے مطابق ہر قسم کی بہترین ورائٹی

# نیو نشاط

ایک دام

# کلاتھ ہاؤس

ڈیلر، گل احمد، الکرم، ڈینسٹی، فردوس کی تمام ورائٹی دستیاب ہے۔

تحصیل بازار احمد پور شرقیہ

پروجیکٹ آف میاں خالد اینڈ سنز

میاں محمد عمر

0331-7567242

ہر موسم کی تمام معیاری کمپنیوں کی گارمنٹس ورائٹی

بابا، بے بی، لیڈیز اینڈ جینٹس،

آپ کے ذوق کے عین مطابق دستیاب ہے

# نشاط آؤٹ فٹ

ڈیلر، آکسفورڈ، بونیزہ

ایک دام

جنگو پلازہ

ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پراجیکٹ آف میاں خالد اینڈ سنز

میاں حمزہ خالد

0300-4655291

ورائٹی اور معیار ہماری پہچان

# نشاط فیبرکس

ایک دام

ڈیلر، گل احمد، الکرم، ڈینسٹی، فردوس کی تمام ورائٹی دستیاب ہے۔

بالمقابل رسول پلازہ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پروجیکٹ آف میاں خالد اینڈ سنز

حافظ محمد بلال

0332-6263802

منفرد اور زندہ تحریروں کا شاہکار

روزنامہ

# نوائے احمد پور شرقیہ

بہاول پور

تازہ ترین خبروں اور بے لاگ تبصروں کے ساتھ ہر روز آپ کی خدمت میں مقامی، ملکی اور بین الاقوامی مسائل پر جاندار تبصروں ہلکے پھلکے طنز و مزاح، باتصویر، فیچروں منہ بولتے واقعات چیختی چلاتی کہانیوں، منظومات، غزلیات، معیاری مضامین

اور چونکا دینے والا نت نئے انکشافات کیلئے

ہر شمارہ ..... دلچسپ شمار

نوائے احمد پور شرقیہ پڑھیے

نوائے احمد پور شرقیہ آپ کا اپنا اخبار ہے، پرچہ اپنے ہاکر سے طلب کیجئے

دفتر:

روزنامہ نوائے احمد پور شرقیہ، 246C سیٹلائٹ ٹاؤن بلاک Z احمد پور شرقیہ

0301-7740405

بہاولپور: انسداد منشیات کے عالمی دن کے موقع پر میڈیکل سوشل آفیسر بہاول وکٹوریہ ہسپتال بہاولپور اور شعبہ نفسیات کے باہمی اشتراک سے بہاول وکٹوریہ ہسپتال میں آگاہی واک کی جارہی ہے۔

بہاولپور: ڈی پی او عبادت نثار اپنے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں۔

وہاڑی: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو خالد محمود گیلانی ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی برائے بہبود آبادی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں۔

پنجاب آرٹس کونسل بہاولپور کے زیراہتمام ڈرامہ فیسٹیول کے موقع پر ڈائریکٹر آرٹس کونسل سجاد حسین اظہار خیال کررہے ہیں؛ دوسری طرف ڈرامے کے مناظر۔

**بقیہ نمبر 01**

گے۔وزیراعلی پنجاب حمزہ شہباز شریف نے صوبے کے ہسپتالوں میں ڈاکٹرز اور عملے کی کمی کا نوٹس لے لیا۔وزیراعلی حمزہ شہباز نے صوبے کے 85 تحصیل ہیڈکوارٹرز ہسپتالوں کو بہتر بنانے کے پروگرام کی بھی منظوری دے دی۔وزیراعلی حمزہ شہباز نے ہسپتالوں میں ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل سٹاف کی کمی دور کرنے کے لیے محکمہ صحت کے حکام کو روڈ میپ بنانے کی ہدایت کردی ہے۔وزیراعلی نے ہدایت کی کہ او پی ڈیز کو کم سے کم وقت میں بہتر بنایا جائے جہاں مریضوں کو ہر ممکن سہولتیں مہیا کی جائیں۔وزیراعلی حمزہ شہباز کی صدارت میں ہونے والے اجلاس میں عوام کو صحت کی معیاری سہولتوں کی فراہمی کے پروگرام کا جائزہ لیا گیا۔وزیراعلی حمزہ شہباز نے ہدایت کی کہ شعبہ صحت میں جاری منصوبوں کو جتنی جلدی ممکن ہو مکمل کیا جائے۔علاج معالجے کی بہترین سہولتیں عام آدمی کا حق ہے جو اسے ہر صورت ملنا چاہیے۔وزیراعلی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ہسپتالوں کے دورے کیے۔صفائی کے انتظامات غیر تسلی بخش تھے۔ہسپتالوں کی صفائی کے لیے جامع پلان مرتب کرکے اس پر عمل یقینی بنایا جائے۔خواجہ سلمان رفیق، خواجہ عمران نذیر، چیف سیکرٹری، پرنسپل سیکرٹری وزیراعلی، چیئرمین پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ، متعلقہ محکموں کے سیکرٹریز اور اعلی حکام نے اجلاس میں شرکت کی۔سیکرٹری صحت نے محکمے کی کارکردگی اور صحت عامہ کی سہولتوں کو بہتر بنانے کے پروگرام کے بارے میں بریفنگ دی۔

**بقیہ نمبر 02**

پرتبادلہ خیال ہوا۔ذرائع کا کہنا ہے کہ ملاقات میں چین سے ملنے والے فنڈز اور آئی ایم ایف سے متعلق امور پر گفتگو ہوئی۔وزیراعظم نے سندھ میں بلدیاتی الیکشن میں پیپلز پارٹی کی کامیابی پر بلاول بھٹو کو مبارکباد بھی دی۔ذرائع کے مطابق بلاول بھٹو اسلام آباد پہنچنے کے فوری بعد وزیراعظم ہاؤس پہنچے تھے۔خیال رہے کہ وزیراعظم نے چند روز قبل کراچی کا دورہ کیا تھا جس کے بعد وہ نواب شاہ بھی گئے تھے۔وزیراعظم نے آصف زرداری سے ان کی والدہ کی وفات پر تعزیت بھی کی تھی۔

**بقیہ نمبر 03**

بڑھا رہے ہیں۔یونیورسٹی میں ایوی ایشن سائنسز کا شعبہ قائم کیا گیا ہے تاکہ جنوبی پنجاب کے نوجوانوں کو اپنے علاقے میں ہی اس اہم ترین شعبہ کی تعلیم فراہم کی جاسکے۔وائس چانسلر نے ان خیالات کا اظہار ایئر مارشل محمد مغیث افضل، چیئرمین پاکستان ایروناٹیکل کمپلیکس سے ایک ملاقات کے دوران کیا۔پروفیسر ڈاکٹر اطہر محبوب نے کہا کہ یونیورسٹی میں قائم ہونے والے اس شعبے کے اساتذہ اور طلبا طالبات کی عملی تربیت کے لیے پاکستان ایروناٹیکل کمپلیکس جیسے عظیم اداروں سے روابط کو فروغ دیا جارہا ہے تاکہ طلبا طالبات کی فنی مہارت میں اضافے کے ساتھ ایوی ایشن کے شعبے کے جدید رجحانات سے آگاہ کیا جاسکے۔ایئر مارشل محمد مغیث افضل نے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر اطہر محبوب کو خوش آمدید کہتے ہوئے اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور میں ایوی ایشن سائنسز اور مینجمنٹ کے شعبے کے قیام کو سراہا اور اپنے ادارے کی جانب سے مکمل تعاون کی یقین دہانی کروائی۔یہ بات قابل ذکر ہے کہ اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور نے شعبہ ایوی ایشن سائنسز کا آغاز کیا۔بی ایس ایوی ایشن مینجمنٹ اور بی ایس ایئر کرافٹ مینٹیننس کے پروگراموں کا آغاز کیا گیا ہے۔سرکاری اور نجی شعبے کی جانب سے ایوی ایشن سیکٹر میں اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کی جانب سے ڈگری پروگراموں کے آغاز کو اہم اقدام قرار دیا جارہا ہے۔اس پیش رفت سے جنوبی پنجاب میں ایوی ایشن سیکٹر کو نئی جہت اور ترقی ملے گی۔

**بقیہ نمبر 04**

تھی کہ نامعلوم مسلح افراد نے ان پر اندھا دھند فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں 2 پولیس ورکرز جاں بحق اور 1 راہگیر زخمی ہوگیا۔پولیس کے مطابق جاں بحق ہونے والے 2 پولیو ورکرز میں رضا واللہ اور دل بادشاہ شامل ہیں، لاشوں کو ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر اسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔خیال رہے کہ پولیس نے جائے وقوعہ پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے لیا اور گولیوں کو خول قبضے میں لیکر تفتیش شروع کردی۔واضح رہے کہ شمالی وزیرستان کے دتہ خیل B-1 میں کام کرنے والی تمام 21 ٹیموں کو واپس بلایا گیا ہے۔

**بقیہ نمبر 05**

اہداف بروقت مکمل کرنے کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جائیں اور ریونیو افسران فیلڈ میں سرکاری واجبات کے سوفیصد اہداف حاصل کرنے کے لیے فعال کردار ادا کریں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایک اعلی سطحی اجلاس میں زرعی انکم ٹیکس اور آبیانہ کے اہداف کے جائزہ کے لیے منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ویڈیو لنک اجلاس میں ڈپٹی کمشنر بہاول پور عرفان علی کاٹھیا، ڈپٹی کمشنر بہاول نگر کیپٹن (ر) محمد وسیم، ڈپٹی کمشنر رحیم یارخاں سید موسی رضا، ایم ڈی چولستان ترقیاتی ادارہ مہر محمد خالد، ایڈیشنل کمشنر ریونیو سید طارق بخاری، ایڈیشنل کمشنر رابطہ فیصل عطا خان، ایڈیشنل کمشنر ریونیو شاہد عمران مارتھ سمیت متعلقہ محکموں کے افسران موجود تھے۔اجلاس میں محصولات کے اہداف، ڈیجیٹل گرداوری، پٹواریوں کی بھرتی، دیہی مرکز مال کے قیام سمیت محکمہ ریونیو کے دیگر جاری منصوبوں کا جائزہ لیا گیا۔قبل ازیں کمشنر بہاول پور راجہ جہانگیر انور نے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔اجلاس کو بتایا گیا کہ ڈویژن بھر میں 144 پرائس کنٹرول مجسٹریٹس نے گزشتہ ہفتے کے دوران 9841 کاروباری مراکز کا جائزہ لیا اور بے قاعدگی وگراں فروشی پر مجموعی طور پر -/1779500 روپے کے جرمانے عائد کیے۔ 114 ایف آئی آر درج کی گئیں جبکہ 312 افراد کو موقع پر گرفتار کیا گیا۔اجلاس کو بتایا گیا کہ حکومتی سبسڈی کے مطابق ڈویژن بھر میں 20 کلوگرام آٹے کا تھیلا -/980 روپے جبکہ 10 کلوگرام آٹے کا تھیلا -/490 روپے میں دستیاب ہے۔کمشنر بہاول پور ڈویژن نے انتظامی افسران کو ہدایت کی کہ عید قربان کے سلسلے میں مویشیوں کی خرید وفروخت کے لیے قائم کیے گئے سیلز پوائنٹس پر سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے اور ان سیلز پوائنٹس پر جانوروں کی ویکسی نیشن و بیماریوں سے محفوظ رکھنے کے لیے محکمہ لائیوسٹاک کے خصوصی کاؤنٹر قائم کیے جائیں۔انہوں نے کہا کہ لمپی سکن بیماری سے مویشیوں کو محفوظ رکھنے کے لیے تمام تر احتیاطی تدابیر پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے۔انہوں نے کہا کہ سیلز پوائنٹس گنجان آبادی سے دور کھلے علاقے میں بنائے جائیں تاکہ شہری ٹریفک میں خلل نہ آئے۔

**بقیہ نمبر 06**

گالہ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے عمران خان نے کہا کہ حکومت اور جمہوریت اخلاقی قوت سے چلتی ہے ڈنڈوں سے نہیں، پی ٹی آئی کے کارکنان اور مظاہروں میں شریک لوگوں پر تشدد کرنے والوں کے چہرے ہمیں یاد ہیں جن سے حساب لیں گے۔عمران خان نے عوام سے پنجاب کی 20 نشستوں پر ہونے والے ضمنی انتخابات میں پی ٹی آئی کے امیدواروں کو ووٹ ڈالنے کی اپیل کرتے ہوئے بیوروکریسی اور پولیس کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ شریف خاندان کی غلامی سے باہر آجائیں، حمزہ کی حکومت جلد ختم ہوجائے گی اور یہ سوشل میڈیا کا دور ہے ساری باتیں اور چیزیں انٹرنیٹ پر موجود ہوں گی۔پی ٹی آئی چیئرمین کا کہنا تھا کہ سری لنکا میں پہلے معاشی اور پھر سیاسی بحران پیدا کیا گیا جبکہ بیرونی سازش سے پاکستان میں پہلے سیاسی اور پھر معاشی بحران پیدا کیا گیا جبکہ میں نے نیوٹرل کو متعدد بار متنبہ کیا اور شوکت ترین کو بھی بتانے بھیجا تھا کہ اس سازش کے کامیاب ہونے پر ملک وقوم کو بڑی قیمت ادا کرنا پڑے گی۔عمران خان نے کہا کہ آئی ایم ایف کی جانب سے ہم پر بھی قیمتیں بڑھانے کا دباؤ تھا مگر ہم نے ان کا مطالبہ تسلیم نہیں کیا، نئی حکومت نے پیٹرول، بجلی، گیس ہر چیز کی قیمتیں بڑھادیں، گزشتہ دو ماہ سے مہنگائی بڑھ رہی ہے جبکہ جولائی میں مہنگائی مزید اور بڑھ جائے گی۔پی ٹی آئی چیئرمین نے کہا کہ ہم نے لوگوں کو ریلیف دینے کے لیے اپنا ذہن استعمال کیا جبکہ موجودہ حکومت ڈنڈے کے زور پر ڈرا دھمکا رہی ہے تاہم یہ طریقہ کبھی کامیاب نہیں ہوسکتا۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ دو جولائی کو میں اسلام آباد پریڈ گراؤنڈ میں احتجاجی جلسے سے خطاب کروں گا جبکہ آپ لوگ اپنے اپنے شہروں میں نکل کر مہنگائی اور امپورٹڈ حکومت کے خلاف پرامن احتجاج کریں۔

**بقیہ نمبر 07**

گوردوارہ ڈیرہ صاحب لاہور میں منعقد ہو گی۔تقریب میں چیئرمین متروکہ وقف املاک بورڈ حبیب الرحمن گیلانی مہمان خصوصی ہوں گے۔تقریب میں ایڈیشنل سیکرٹری شرائنز رانا شاہد، پردھان پاکستان سکھ گوردوارہ پربندھک کمیٹی سردار میر سنگھ، مقامی سکھ رہنما سمیت سیاسی وسماجی رہنما شرکت کریں گے۔مہاراجہ رنجیت سنگھ کی برسی کے موقع پر شاہی قلعہ اور مینار پاکستان کے اطراف میں سکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیے گئے ہیں۔سکھ یاتری اپنی 10 روزہ یاترا مکمل ہونے کے بعد 30 جون جمعرات کو واہگہ بارڈر کے راستے بھارت روانہ ہو جائیں گے۔

**بقیہ نمبر 08**

ہوئے کہا کہ یہ کہتے ہیں ہمارے دور میں ترسیلات زر بڑھیں، ترسیلات زر بڑھیں کیونکہ فیٹف کی وجہ سے حوالہ ہنڈی بند ہوئی، پیسہ لیگل چینل سے آیا، عمران خان کا کوئی کمال نہیں تھا، پچھلے 2 ماہ ریکارڈ ترسیلات زر آئیں، حکومت تبدیلی سے فرق نہیں پڑا۔مراد علی شاہ نے دعوی کیا ہے کہ اگلی بار پورے پاکستان میں ہماری حکومت آئے گی۔ان کا کہنا تھا کہ سارے غیر قانونی پیسے فیٹف نے دیکھنا شروع کردیے، موجودہ حکومت نے لگژری آئٹم پر پابندی عائد کی ہے، ہم 3 سال میں گندم کے ایکسپورٹر سے امپورٹر بن گئے۔وزیراعلی سندھ نے مزید کہا کہ احساس پروگرام کچھ نہیں، بے نظیر سپورٹ پروگرام تھا، یہ لوگوں کو لنگر خانوں میں ڈال کر بہت خوش ہوتے تھے۔انھوں نے بتایا کہ گزشتہ دور میں ہمیں وزارت خارجہ سے خط آیا تھا، سابق وزیر خارجہ نے لکھا امریکی قونصل خانے کے قریب عمارتیں گرادو، یکم دسمبر 2021 کو وزارت بحری امور نیخط لکھا کہ امریکی قونصل خانے کے اطراف عمارتیں گرادو۔

**بقیہ نمبر 09**

صوابی میں 35 سکولز کرایہ کے عمارتوں میں قائم ہونے کا انکشاف ہوا۔رپورٹ کے مطابق 410 پرائمری سکولز کا چھت نہیں، 457 پرائمری سکولز کرایہ کے عمارتوں میں قائم ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ 443 اسکولز عطیہ کے عمارتوں میں قائم ہیں، 314 پرائمری اسکولز کو دوسرے سکولوں میں ایڈجسٹ کیا گیا ہے۔رپورٹ کے مطابق صوبے میں لڑکوں کے 357، لڑکیوں کے 53 پرائمری سکولز کے پاس عمارتیں نہیں ہیں۔

**بقیہ نمبر 10**

ہے کہ اسحاق ڈار پارٹی کی نہیں پاکستان کی ضرورت ہیں۔پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ماضی میں اسحاق ڈار نے پاکستان کو مشکل معاشی حالات سے نکالا تھا۔اسی حوالے سے سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی کا کہنا ہے کہ مجھے نہیں پتا کہ اسحاق ڈار وطن واپس آرہے ہیں، اسحاق ڈار کی وطن واپسی سے متعلق پارٹی سطح کا فیصلہ نہیں ہوا، پاکستان اسحاق ڈار کا ملک ہے، وطن واپسی ان کا حق ہے، اسحاق ڈار جب بھی واپس آنا چاہیں انہیں کوئی نہیں روک سکتا، عدالتی معاملات سے اسحاق ڈار خود آکرنمٹ لیں گے۔وزارت خزانہ کا فیصلہ وزیراعظم کا اختیار ہے جب بھی وہ فیصلہ کریں۔آئین کی رو سے پر وزیر وزیراعظم کی خوشی تک ہی نوکری کرتا ہے۔وزیراعظم شہبازشریف کے سابق وزیرخزانہ سینیٹر اسحاق ڈار کو جلد پاکستان بھجوانے کی درخواست پر پارٹی قائد نوازشریف نے انہیں ملک واپس بھجوانے کی منظوری دے دی ہے۔بتایا گیا ہے کہ اسحاق ڈار وطن واپسی پر بطور سینیٹر اپنی ذمہ داریاں انجام دیں گے۔جبکہ مقدمات کا بھی سامنا کریں گے، مقدمات کے فیصلوں کو مدنظر رکھ کر وزارت خزانہ کے امور سنبھالیں گے۔لیکن اس دوران اسحاق ڈار حکومتی ٹیم کی وزارت خزانہ اور معاشی امور میں رہنمائی کریں گے، اسحاق ڈار کی حفاظتی ضمانت کیلئے وکلا جلد درخواست دائر کریں گے۔یاد رہے کہ سابق وزیرخزانہ نومبر 2017 میں علاج کی غرض سے لندن گئے تھے، سابق وزیرخزانہ اسحاق ڈار کیخلاف مختلف مقدمات ہیں، ان پر الزام ہے کہ انہوں نے اثاثہ جات کی 22 سالہ تفصیلات جمع نہیں کرائیں، اثاثہ جات کا 32 سال کا ریکارڈ پہلے ہی جمع کرا رکھا ہے۔

**بقیہ نمبر 11**

سیکرٹریٹ نے اسپیکر راجہ پرویز اشرف کو تحریک انصاف کے آٹھ ارکان کے استعفے منظور کرنے کی تجویز دی ہے۔رپورٹ کے مطابق عمران خان کے خلاف قومی اسمبلی میں تحریک عدم اعتماد منظور ہونے اور موجودہ حکومت قائم ہونے کے بعد پی ٹی آئی اورن لیگ نے قومی اسمبلی سے استعفی کا اعلان کیا تھا۔اس وقت کے ڈپٹی اسپیکر قاسم سوری نے استعفے منظور کرلئے تھے تاہم موجودہ سپیکر نے ان استعفوں پر قانون کے مطابق کارروائی کی رولنگ جاری کی۔راجہ پرویز اشرف نے پی ٹی آئی رہنماؤں کے استعفوں کی تصدیق کے لیے انہیں قانون کے مطابق طلب کیا لیکن کوئی رکن پیش نہ ہوا۔پی ٹی آئی ارکان کی جانب سے استعفوں کی تصدیق کے لیے نہ آنے پر اسپیکر قومی اسمبلی نے قومی اسمبلی سیکرٹریٹ سے قانونی رائے مانگی تھی۔قومی اسمبلی سیکرٹریٹ میں اس معاملے پر اپنی ایڈوائس اسپیکر کو بھیج دی ہے جس میں کہا گیا ہے کہ ایوان میں اعلان کرنے والے ارکان کے استعفے قبول کیے جائیں۔جن ارکان کے استعفے منظور کرنے کی ایڈوائزری گئی ہے ان میں عمران خان، شاہ محمود قریشی، فواد چوہدری، اسد عمر، شیریں مزاری، مراد سعید علی محمد خان اور فرخ حبیب شامل ہیں۔اسپیکر قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کی ایڈوائس پر حکمران اتحاد سے مشاورت کا فیصلہ کیا ہے۔قبل ازیں حکمران اتحاد کا تحریک انصاف کے ساتھ بیک ڈور رابطوں کا انکشاف ہوا تھا۔حکمران اتحاد نے تحریک انصاف کے استعفے قبول نہ کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔رپورٹ کے مطابق فلور پر کھڑے ہوکر استعفے دینے والوں کے استعفے بھی قبول نہیں کیے جائیں گے۔شاہ محمود قریشی، فواد چوہدری، شیریں مزاری نے ایوان میں کھڑے ہوکر رکنیت چھوڑنے کا اعلان کیا تھا۔پی ٹی آئی کی واپسی کی امید پر تینوں رہنماؤں کے استعفے قبول نہ کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔3 رہنماؤں کے استعفے قبول ہوئے تو تحریک انصاف کی واپسی کو نقصان ہو گا۔

**بقیہ نمبر 12**

والوں پر ٹیکس دوبارہ متعارف کرایا گیا ہے جبکہ جولائی سے پیٹرولیم پر مرحلہ وار 50 روپے فی لیٹر لیوی لگانے پر اتفاق کیا گیا ہے۔

**بقیہ نمبر 13**

کی 28 سالہ خاتون امیراں بی بی، زوجہ رسول بخش نے شوہر سے ناچاقی پر کالا پتھر پی لیا۔اطلاع ملنے پر ریسکیو ٹیم موقع پر پہنچ گئی اور خاتون کو طبی امداد کے بعد تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال داخل کرادیا ہے۔

**بقیہ نمبر 14**

چوہدری اور ڈی ایس پی بہاول پور محمد ناصر غوری نے بیج لگائے اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ترقی پانے والے ہیڈ کانسٹیبلان میں غلام مصطفی، اسرار احمد انجم، محمد عمران، شفیق مشتاق، ذیشان علی، غلام مصطفی اعوان، عمران منور، عاطف شہزاد، محمد ارشد، مجاہد حسین، تنویر احمد، عبدالسلام، زاہد احمد، شہزاد ریاض، محمد یاسر معراج شامل ہیں۔

**بقیہ نمبر 15**

کرتا ہوں کہ چودھری پرویز الہی ہی وزارت اعلی کے ہمارے امیدوار ہیں، ہمارے ارکان سپیکر پنجاب اسمبلی کو ووٹ دیں گے۔ق لیگی سربراہ نے کہا کہ غلط افواہیں پھیلا کر ہمارے کسی رکن اسمبلی کو غلط فہمی میں ڈالنے کی کوشش نہ کی جائے:مسلم لیگی ارکان پنجاب اسمبلی نے ہمیشہ پارٹی ڈسپلن کی پابندی کی ہے، انشاءاللہ وہ چودھری پرویز الہی کی حمایت کریں گے۔چودھری شجاعت حسین نے کہا کہ میں نے کبھی غلط بیانی نہیں کی، ہمیشہ صاف گوئی کا درس دیا ہے:اس طرح کی بے بنیاد افواہیں نہ پھیلائی جائیں۔

**بقیہ نمبر 16**

بھی اپنے تابڑتوڑ حملے شروع کردیئے، گرمی کی شدت میں اضافہ، لوڈشیڈنگ نے عوام کی زندگی اجیرن کر دی، عوام وزیراعظم سے لوڈشیڈنگ پر نوٹس لینے کا مطالبہ۔تفصیلات کے مطابق گزشتہ ایک ہفتہ سے گرمی کی شدت میں اضافے کے ساتھ ہی محکمہ واپڈا نے عوام پر لوڈشیڈنگ کا تحفہ دے دیا، اوچ شریف میں لوڈشیڈنگ کا جن بے قابو ہوگیا ہے اور شہر اوچ شریف وگردونواح کے علاقوں میں دن میں 18 گھنٹوں کی لوڈشیڈنگ کی جارہی ہے جس کی وجہ سے بچے بوڑھے، خواتین رات کو جاگ کر گزارنے پر مجبور ہوگئے ہیں۔ذرائع کے مطابق محکمہ واپڈا والوں نے الیکٹرانک تاجران سے ملی بھگت کر کے مصنوعی لوڈ شیڈنگ کررکھی ہے جس پر الیکٹرانک تاجران کی اشیاء سولر پلیٹ سٹیپلیز جرنیٹر کی فروخت میں حصہ لے رہے ہیں شہریوں نے کہا کہ موجودہ حکومت کے لوڈ شیڈنگ خاتمے کا دعوے ٹھس ہوکر رہ گئے اور ان کے ترقیاتی کاموں کا پول کھل کر سامنے آگیا ہے۔لوڈ شیڈنگ کی وجہ سے مچھروں کی بہتات اور ان کے تابڑتوڑ حملے شروع ہوگئے جس کی وجہ سے عوام میں ڈینگی کے خطرات منڈلانے لگ گئے۔لوڈ شیڈنگ میں اضافے کی وجہ سے کاروبار زندگی سخت متاثر ہوگیا ہے اور متوسط طبقہ جن کے کاروبار کا دارومدار بجلی کے ساتھ منسلک ہے ہاتھ پر ہاتھ دھرے دن گزار کر شام کو خالی ہاتھ گھروں کو لوٹنے لگے۔عوام الناس نے میڈیا نمائندگان سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حکومت میں لوڈ شیڈنگ خاتمے کی بجائے اضافے کی وجہ سے حکومت نے عوام سے دو وقت کا نوالہ بھی چھین لیا ہے۔ملک میں پہلے ہی بے روزگاری ہے اوپر سے لوڈشیڈنگ کے عذاب نے عوام کے دن رت کا سکون تباہ کر کے رکھ دیا ہے۔وزیراعظم میاں شہباز شریف سے لوڈشیڈنگ خاتمے کے کا مطالبہ کردیا۔

**بقیہ نمبر 17**

مالیت کے بچھڑے پال کر کراچی اور دوسرے بڑے شہروں میں لے جا کر فروخت کرتے ہیں۔انہوں نے بتایا کہ اب لمپی سکن وائرس کی وجہ سے ان کا کوئی خریدار نہیں اور وائرس کا شکار ہوکر ہمارے سیکڑوں جانور ہلاک ہوچکے ہیں۔انہوں نے بتایا کہ عید قربان پر اب کٹوں اور بکروں کی ڈیمانڈ زیادہ ہے۔اس سلسلے میں شہریوں نے بتایا کہ کٹوں اور بکروں کی قیمتیں اتنی زیادہ ہیں کہ اتنی مہنگائی کے دور میں قربانی کرنا بہت مشکل ہوگیا ہے۔مویشی پال افراد نے حکومت سے خصوصی پیکیج کے اعلان کا مطالبہ کیا ہے تاکہ ہمارا نقصان پورا ہوسکے۔

**بقیہ نمبر 18**

جبار شہید فیصل منور نے کہا کہ کمیونٹی پولیسنگ کو فروغ دینا پٹرولنگ پولیس کی ترجیح ہے انہوں نے کہا کہ کے ٹریفک قوانین بارے خصوصی آگاہی مہم چلائی جارہی ہے انہوں نے کہا کہ تاجر برادری مقامی لوگوں سمیت معززین علاقہ کو ساتھ ملا کر یہ سلسلہ مزید موثر کیا جائے گا رکشوں بسوں پر سکول کے بچوں کو اضافی تعداد اور بغیر حفاظتی انتظامات کے لے جانے والے رکشہ ڈرائیوروں کے خلاف سخت ایکشن پلان ترتیب دیا گیا ہے کم عمر رکشہ ڈرائیور بھی ٹریفک حادثات کا موجب بنتے ہیں انہوں نے کہا کہ ٹریفک حادثات پر قابو پانے کے لیے سڑکوں پر عوام کے جان و مال کی حفاظت پٹرولنگ پولیس کا فرض ہے۔

**بقیہ نمبر 19**

غفلت، بے پروائی اور عدم دلچسپی نے شہر کو کچرا کنڈی میں تبدیل کر دیا۔کوڑا کرکٹ اور غلاظت کے ڈھیروں سے اٹھنے والے تعفن سے وبائی امراض پھوٹنے کا خدشہ پیدا ہوگیا، بلدیاتی اداروں کی چشم پوشی سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، سڑکوں پر سیوریج کا پانی جمع ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق بلدیاتی اداروں کی مجرمانہ غفلت اور عدم دل چسپی نے شہر کو کچرا کنڈی میں تبدیل کردیا ہے۔اداروں کی ناقص کارکردگی کے نتیجے میں شہر بھر میں جگہ جگہ کچرے کے ڈھیر لگے ہیں، جن سے اٹھنے والے تعفن نے مکینوں کی زندگی اجیرن کردی ہے صفائی کے ناقص انتظامات کے سبب شہر میں وبائی امراض پھوٹنے کا خدشہ ہے جو کسی بھی غیر معمولی صورت حال کا سبب بن سکتا ہے، شہریوں کا کہنا ہے کہ بلدیاتی ادارے کے افسران عملی اقدامات نہیں کرتے اور میڈیا کے لیے خصوصی طور پر گروپ تصاویر بنواتے ہیں اگر ان کے علاقوں کا دورہ کیا جائے تو کچرے اور غلاظت کے ڈھیر سے بھرا ہوتا ہے، ذرائع کا کہنا ہے کہ بلدیاتی اداروں کی تمام تر توجہ مبینہ طور پر شہر میں لگائے جانے والے ٹھیلوں، کیبنوں اور دکانوں کی حدود سے باہر رکھے ہوئے سامان کی مد میں حاصل ہونے والی آمدنی پر مرکوز رہتی ہے جب کہ فٹ پاتھوں پر قائم تجاوزات کے باعث پیدل چلنے والوں کو بھی سڑک استعمال کرنا پڑتی ہے۔محلہ گیلانی، شمیم آباد سمیت دیگر علاقوں کی سڑکیں، گلیاں اور محلے نہ صرف صفائی سے محروم ہیں، بل کہ جگہ جگہ کوڑے اور غلاظت کے ڈھیر سے علاقہ مکینوں کو شدید تعفن برداشت کرنا پڑتا ہے۔

**بقیہ نمبر 20**

زرگر برادری ویسے ہی حالات سے دوچار ہے کاریگر طبقہ زرگری کے کام کے علاوہ شام کے اوقات میں دیگر مزدوری کرنے پر مجبور ہے اگر اس پر دوبارہ ٹیکس عائد کیا گیا تو یہ معاشی قتل اور ظلم ہوگا دیگر یونین سے بات چیت چل رہی ہے اگر موجودہ حکومت نے اس سپر ٹیکس واپس نہ لیا تو ملک گیر ہڑتال کی کال کا اعلان کریں گے اس موقع پر دیگر ممبران نے بھی کہا کہ ویسے ہی سونا مہنگا ہونے کی وجہ سے مارکیٹوں میں سناٹا چھایا ہوا ہے اتنا مہنگا سونے ہونے کی وجہ سے لوگوں کا رجحان آرٹیفشل جیولری کی طرف چلا گیا حکومت کو چاہیے کہ کاریگر طبقہ کے مسائل حل کریں نہ کہ ان کی پریشانیوں میں اضافہ کریں حکومت ہوش کے ناخن لے۔

**بقیہ نمبر 21**

تفصیلات کے مطابق اوچ شریف کے معزز شخصیات سید مجتبہ رضوی عامر غنی لنگاہ ایڈووکیٹ، عبدالستار خان بلوچ، ارشاد احمد شاد ملک یعقوب ککس سید طیب حسین محمد اصغر قسمانی نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ تحصیل احمد پور شرقیہ کو ضلع کا درجہ دیا جائے پاکستان کی رقبہ کے لحاظ سے سب سے بڑی تحصیل ضلع بننے سے اب تک محروم ہے اور ضلع بہاولپور کی سب تحصیل اوچ شریف ابادی کے لحاظ سے کافی بڑی سب تحصیل ہے جو کہ محرومیوں کا شکار ہے اوچ شریف کو تحصیل کا درجہ دیا جائے انہوں نے کہا کہ انہی محرومیوں اور سوتیلے پن کے سلوک کے باعث بہاول پور کی عوام بحالی صوبہ کا مطالبہ کرتی ہیں جب سے ریاست بہاول پور پاکستان میں ضم ہوئی ہے اسکے کسی بھی علاقہ کو انتظامی بنیاد پر ترقی نہیں دی گئی بہاول پور پہلے بھی تین اضلاع پر مشتمل تھی اور اب بھی تین اضلاع پر مشتمل ہے احمد پور شرقیہ رقبہ کے لحاظ سے پاکستان کی سب سے بڑی تحصیل ہے لیکن اس کو آج تک ضلع کا درجہ نہ دیا گیا ہے اور اوچ شریف کو تحصیل کا درجہ نہ دیا گیا جس کے باعث وہاں کی عوام کو مشکلات کا سامنا ہے#

**بقیہ نمبر 22**

پنجاب اسمبلی حنا پرویز بٹ نے کہا ہے کہ اگلے تین ماہ میں معیشت دوبارہ ٹریک پر اور مہنگائی والا جن قابو میں ہوگا، معیشت کی بربادی اور مہنگائی کے ذمہ دار آج معیشت پر لیکچر دے رہے ہیں۔اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ملک کو جڑوں سے کھوکھلا کرنے والے قوم سے مخلص کیسے ہو سکتے ہیں۔میاں نواز شریف نے جس آئی ایم ایف کو خدا حافظ کہا عمران خان نے خودکشی کی بجائے اسی آئی ایم ایف کے پاس دوبارہ جانا بہتر سمجھا۔لیکن خودکشی پھر بھی نہیں کی۔چین سے پیکج مل چکا ہے انشاء اللہ اگلے ہفتے آئی ایم ایف سے بھی معاہدہ فائنل ہو جائے گا۔انہوں نے مزید کہا وزیراعظم شہباز شریف اور مفتاح اسماعیل دن رات معیشت کو دوبارہ مستحکم کرنے میں لگے ہیں۔پوری قوم کو شکر ادا کرنا چاہیے کہ پاکستان دیوالیہ ہونے سے بچ گیا ہے۔اسکا کریڈٹ مفتاح استعمال کو جاتا ہے۔مشکل وقت میں ہی قوم کا امتحان ہوتا ہے۔لیکن وزیراعظم نے پہلی بار سرمایہ دار طبقے پر ٹیکس لگا کر ثابت کردیا ہے وہ غریب کا درد رکھنے والے وزیراعظم ہیں۔مہنگائی پوری دنیا میں چل رہی ہے لیکن اس کے باوجود بھی ہم مہنگائی کا ملبہ سابقہ حکومت اور عالمی مہنگائی پر نہیں ڈالیں گے۔بلکہ ہماری حکومت مہنگائی کے خاتمے کیلئے حقیقی معنوں میں اقدامات اٹھارہی ہے۔

**بقیہ نمبر 23**

رہا ہے۔تفصیلات کے مطابق امریکہ میں سفیر پاکستان مسعود خان نے امریکہ کی معروف درسگاہ جانز ہاپکن یونیورسٹی میں شعبہ صحت سے متعلقہ 80 انٹرنیشنل طلبا سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ امریکہ اور پاکستان کے مابین صحت کے شعبے خصوصا فارماسیوٹیکل، امراض کی تشخیص، کمرشل سطح پر تعاون، ہیلتھ کے شعبے میں دوطرفہ تعاون اور سرمایہ کاری کے فروغ کے حوالے سے منظم ڈائیلاگ جاری ہے۔سفیر پاکستان نے کہا کہ امریکی ادارے سی ڈی سی، وزارت صحت پاکستان اور نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ہیلتھ کے درمیان ادارہ جاتی روابط کے فروغ کے لیے کوشاں ہیں۔مسعود خان نے کہا کہ پاکستان فارماسوٹیکل سیکٹر کے فروغ کے لیے امریکی فارما کمپنیوں کو شامل ہونے کی دعوت دے گا۔انہوں نے کہا کہ کورونا وبا کے دوران امریکہ کی جانب سے 62 ملین کورونا ویکسین کی فراہمی پر مشکور ہیں جو کہ کسی بھی ملک کو دیا جانے والا سب سے بڑا عطیہ ہے، کورونا وائرس کے مختلف متغیرات کے خلاف ویکسین کی تیاری کے سلسلے میں امریکی معاونت کے خواہاں ہیں۔پاکستانی سفیر نے کہا کہ پاکستان اس وقت مستقبل میں کسی بھی وبا کا مقابلہ کرنے کی تیاری کے حوالے سے توانائیاں صرف کررہا ہے، جانز ہاپکن میں زیرتعلیم دنیا بھر سے تعلق رکھنے والے لائق طلبا اپنے نئے تعلیمی ماحول میں قدم رکھنے کے حوالے سے سفیر پاکستان کی رہنمائی حاصل کرنے کے لیے اکٹھے ہوئے تھے۔سفیر پاکستان نے زیرتعلیم طلبا اور ہیلتھ پروفیشلز کو مبارکباد دی۔انہوں نے طلبا سے خطاب میں کہا کہ جانز ہاپکن میں تعلیم حاصل کرنے کے اس نادر موقع کو مکمل طور پر نہ صرف انسانیت کی خدمت کے لیے بروئے کار لایا جانا چاہیے بلکہ باہمی نیٹ ورکنگ، روابط اور کوارڈینیشن کے ذریعے اپنے اپنے متعلقہ ممالک کے صحت کے شعبہ جات کو تبدیل کرنے کے لیے استعمال کیا جانا چاہیے۔طلبا کو پروفیشنلزم کے اعلی معیار قائم رکھنے کی ہدایت کرتے ہوئے سفیر پاکستان نے کہا کہ کورونا وبا کے بعد دنیا کے ہر ملک کو صحت کے شعبے میں چیلنجز درپیش ہیں جس کی وجہ سے صحت سے منسلک ماہرین پر بڑی ذمہ داری آن پڑی ہے۔انہوں نے کہا کہ صحت کے شعبہ میں مضبوط پارٹنرشپ کے قیام کے ذریعے ہی صحت کی سہولتوں کے دائرہ کار کو وسیع کیا جاسکتا ہے۔کورونا وبا نے یہ باور کرایا کہ محض انفرادی نہیں بلکہ سب کا تحفظ ضروری ہے۔علاوہ ازیں جانز ہاپکن میں زیرتعلیم پاکستان طلبا نے بھی سفیر پاکستان سے ملاقات کی۔

**بقیہ نمبر 24**

ہی شروع ہونے کا امکان ہے۔محکمہ موسمیات کے مطابق مون سون بارشوں کا پہلا سلسلہ جمعے سے شروع ہوگا جس کے پیش نظر کشمیر، بالائی پنجاب، جنوب مشرقی بلوچستان، ضلع خیبرپختونخوا اور سندھ میں پانچ جولائی تک تیز ہواؤں اور گرج چمک کیساتھ بارش کی پیش گوئی کی گئی ہے۔یواین پیکے مطابق مون سون کا دوسرا سلسلہ 6 سے 15 جولائی تک متوقع ہے، جس میں شدید بارشوں کا امکان ہے۔عید الاضحی بھی ٹھنڈی ٹھنڈی گزرے گی۔محکمہ موسمیات کے مطابق عید الاضحی پر بھی بارش متوقع ہے۔محکمہ موسمیات کے مطابق 30 جون سے مون سون بارشوں کا سلسلہ شروع ہونے کا امکان ہے۔گزشتہ برس کے مقابلے میں رواں سال زیادہ بارشیں ہوں گی، پاکستان کے کچھ علاقوں میں 10 سے 20 فیصد جبکہ کچھ علاقوں میں 20 سے 30 فیصد معمول سے زیادہ بارشیں ہوں گی۔مون سون کے پہلے سپیل میں ہونے والی بارشوں کے حوالے سے سردار سرفراز کا کہنا تھا کہ 30 جون کو پاکستان کے شمال سے داخل ہونے والے سپیل سے پہلے مغربی سندھ اور بلوچستان میں بارشیں ہوں گی۔جبکہ جولائی سے اگست کے درمیان تک مون سون کا پہلا سلسلہ دوسرے سلسلے کی نسبت زیادہ مرطوب ہوگا۔پاکستان کے صوبہ پنجاب اور سندھ میں زیادہ بارشیں ہوں گی جبکہ باقی تمام علاقوں میں معمول سے کچھ زیادہ بارشیں ہوں گی۔پاکستان کے پہاڑی علاقوں میں شدید بارشوں کی وارننگ جبکہ صوبہ سندھ، پنجاب، آزاد کشمیر اور خیبرپختونخوا کے بڑے شہروں کراچی، لاہور، فیصل آباد سمیت دوسرے شہروں میں اربن فلڈنگ کا بھی خدشہ ہے۔

**بقیہ نمبر 25**

کے روز این آئی ایچ کی جانب سے جاری کردہ ٹویٹ میں شیئر کیے گئے اعدادوشمار کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 13 ہزار 759 کورونا ٹیسٹ کیے گئے ہیں جن میں سے 333 افراد کے کورونا ٹیسٹ مثبت آئے ہیں۔اس طرح گزشتہ 24 گھنٹوں میں کیے گئے مثبت کورونا ٹیسٹ کی شرح 2.42 فیصد رہی ہے۔مزید برآں اس دوران کورونا وائرس سے 2 مریض جاں بحق ہوئے جبکہ 85 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔

**بقیہ نمبر 26**

شعبہ فارمیسی پریکٹس اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے زیراہتمام منعقدہ سمپوزیم کے شرکاء کا پرووائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر نوید اختر گروپ فوٹو۔

وہاڑی: ڈپٹی کمشنر میاں محمد رفیق احسن پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں۔

وہاڑی: ڈپٹی کمشنر میاں محمد رفیق احسن کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ آفیسر انڈسٹریز عابدہ حنیف تاجروں سے ملاقات کررہی ہیں۔

## مزدور طبقہ ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے

### ڈائریکٹر لیبر ویلفیئر بہاول پور ملک محمد فاروق کا بیان

بہاول پور(پ ر)مزدور طبقہ ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔مزدور کی خوشحالی ہی ملک کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔حکومت پنجاب نے مزدور طبقہ کو بڑا ریلیف دینے کے لے ان کی کم از کم اجرت بیس ہزار روپے ماہانہ سے بڑھا کر پچیس ہزار روپے ماہانہ کرنے کا فیصلہ کیا اور اس حوالہ سے نوٹیفیکشن بھی جاری کردیا گیا ہے۔یہ بات ڈائریکٹر لیبر ویلفیئر بہاول پور ملک محمد فاروق نے اپنے بیان میں کہی۔انہوں نے کہا کہ سیکرٹری محکمہ محنت و انسانی وسائل حکومت پنجاب لیاقت علی چٹھہ نے صوبہ بھر کے افسران کو کم از کم اجرت نوٹیفیکشن پر عمل درآمد کروانے کے لیے ہدایات جاری کردی ہیں۔ڈائریکٹر لیبر ویلفیئر بہاول پور ڈویژن نے بتایا کہ نوٹیفیکشن کا اطلاق یکم جولائی 2022ء سے ہوگا اور اس سلسلہ میں تمام متعلقہ انڈسٹریز، دکانات، ادارہ جات اور ضلعی چیمبر آف کامرس و انڈسٹریز کو نوٹیفیکشن کی نقول ارسال کی جارہی ہیں۔مزدور کے معاشی حقوق کا تحفظ ہر قیمت پر یقینی بنایا جائے گا اور خلاف ورزی کرنے والے آجران کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

### شہر بھر میں سستا آٹا کی سپلائی جاری ہے، ڈی سی لاہور

لاہور (یواین پی) ڈی سی لاہور عمر شیر چٹھہ نے کہا ہے کہ شہر بھر میں سبسڈائزڈ آٹا کی سپلائی جاری ہے۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز شہر بھر میں 01 لاکھ 63 ہزار 464 سستا آٹا کے بیگز فراہم کئے گئے۔انہوں نے مزید کہا کہ سیل پوائنٹس پر 10 کلو آٹے کے 59214 جبکہ 20 کلو آٹے کے 104250 تھیلے فراہم دیئے گئے ہیں۔

کیسوں اور ضمانت کے بارے میں پوچھے گئے سوال کے جواب میں لیگی سینیٹر نے کہا کہ ان پر پاکستان میں ایک ہی کیس ہے جو عمران نیازی کی جانب سے دائر کیا جانے والا جعلی مقدمہ ہے۔مجھ پر جعلی کیس بنایا گیا اس کی کوئی بنیاد نہیں۔یہ میرے ٹیکس ریٹرن پر بنایا گیا۔ایسا شخص ہوں جو ٹیکس ریٹرن جمع کرانے میں کبھی تاخیر نہیں کرتا۔اسحاق ڈار نے مزید کہا کہ یہی وجہ ہے کہ عمران خان کی حکومت کی جانب سے جب پاکستان لانے کے لیے انٹر پول سے رابطہ کیا گیا تو جو دستاویزات انٹرپول کو دی گئیں ان میں کوئی جان ہی نہیں تھی، اس لیے انٹر پول نے مجھے کلین چٹ دی۔حکومت کی معاشی پالیسیوں میں ان کے ممکنہ کردار اور وزیرخزانہ کا قلمدان سنبھالنے کے حوالے سے پوچھے گئے سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ پاکستان واپسی پر بطور سینیٹر حلف اٹھائیں گے۔وزیرخزانہ کا قلمدان سنبھالنے کا فیصلہ ان کا نہیں ہوگا بلکہ یہ ان کی پارٹی اور قیادت کا فیصلہ ہوگا کہ کس شخص کو کیا ذمہ داری دینی ہے۔یاد رہے کہ جب پانامہ گیٹ سکینڈل میں نواز شریف کی حکومت کا خاتمہ ہوا تو اس کے ساتھ اسحق ڈار بھی وزارت خزانہ سے ہاتھ دھو بیٹھے تاہم شاہد خاقان عباسی کی سربراہی میں بننے والی نواز لیگ کی حکومت میں وزیرخزانہ کا قلمدان ملا۔ستمبر 2017 میں احتساب عدالت نے ان پر کرپشن کیس میں فرد جرم عائد کی جس میں ان پر آمدن سے زائد اثاثے رکھنے کا الزام تھا۔اسی دوران ڈار سعودی عرب روانہ ہوئے اور وہاں سے علاج کے لیے برطانیہ روانہ ہوگئے۔نومبر 2017 میں احتساب عدالت نے ان کے ناقابل ضمانت وارنٹ جاری کیے اور پھر انھیں اسی کورٹ نے مفرور قرار دے دیا۔لندن میں قیام کے دوران ہی انہوں نے وزارت خزانہ کا قلمدان چھوڑ دیا۔احتساب عدالت نے ان کی منقولہ و غیر منقولہ جائیداد کی نیلامی کا بھی حکم دیا تھا۔واضح رہے کہ مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما کے خلاف مختلف مقدمات ہیں، جن میں خاص طور پر ان پر الزام ہے کہ انہوں نے اپنے اثاثہ جات کی 22 سالہ تفصیلات جمع نہیں کرائیں۔

**بقیہ نمبر 27**

ہے۔نوٹیفکیشن میں بتایا گیا ہے کہ پولیس اہلکار کورونا ایس او پیز کے تحت 6 فٹ کا ساجی فاصلہ رکھیں، سینیٹائزر کا استعمال اور بار بار ہاتھ صاف لازمی دھوئیں۔نوٹیفکیشن کے مطابق دوران ڈیوٹی تھرمہ میٹر سے پولیس اہلکاروں کا جسم کا درجہ لازمی چیک کیا جائے۔اس حوالے سے آئی جی سندھ کے حکم پر سندھ پولیس کے ایڈیشنل آئی جی، ڈی آئی جیز کو حکم نامہ جاری کردیا گیا ہے۔نوٹیفکیشن میں مزید بتایا گیا کہ کراچی میں کورونا وائرس کیسز کی شرح 21 فیصد تک پہنچ گئی ہے۔واضح رہے کہ ملک میں 24 گھنٹوں کے دوران کورونا سے مزید 2 افراد انتقال کر گئے جبکہ 333 افراد میں بیماری کی تصدیق ہوئی۔قومی ادارہ صحت کے مطابق گزشتہ روز 13 ہزار 759 ٹیسٹ کئے گئے، جس کے بعد مثبت کیسز کی شرح 2 اعشاریہ 42 فیصد سامنے آئی۔خیال رہے کہ ملک کے بڑے شہروں میں سب سے زیادہ کورونا کیسز کراچی میں سامنے آرہے ہیں۔

**بقیہ نمبر 28**

معاملے پر صرف ایک ملاقات ہوسکی جبکہ راجہ ریاض کی طرف سے کوئی نام نہ دیا گیا۔نئے نام آنے کے بعد وزیراعظم اتحادیوں سے مشاورت کرینگے اور اتحادیوں سے مشاورت کے بعد اپوزیشن لیڈر سے مشاورت کی جائے گی۔اس کے علاوہ حکومت نے ڈپٹی چیئرمین نیب ظاہر شاہ کو بطور قائم مقام چیئرمین کام جاری رکھنے کی ہدایت دی ہے۔خیال رہے کہ سابق صدر آصف زرداری اور شہباز شریف کی جانب سے چیئرمین نیب کے لیے مقبول باقر کے نام پر اتفاق کے بعد وہ اس عہدے کے لیے مضبوط امیدوار ہیں اور اگر اپوزیشن لیڈر راجا ریاض نے جسٹس (ر) مقبول باقر کے نام پر کوئی اعتراض نہیں کیا تو انہیں ہی اگلا چیئرمین نیب لگایا جائے گا۔ذرائع کا کہنا تھا کہ وزیراعظم اور اپوزیشن لیڈر کے درمیان اتفاق کے بعد چیئرمین نیب کے نام کی سمری صدر کو ارسال کردی جائے گی۔واضح رہے کہ جسٹس (ر) مقبول باقر سندھ ہائی کورٹ سے سپریم کورٹ میں پروموٹ ہوئے تھے جب کہ موجودہ چیئرمین جسٹس (ر) جاوید اقبال کے عہدے کی مدت 2 جون کو ختم ہوجائے گی۔

**بقیہ نمبر 29**

1122 کے ریسکیور نے ابتدائی طبی امداد دینے کے بعد بی وی ایچ بہاولپور منتقل کردیا ہے۔

**بقیہ نمبر 30**

روز طویل اسمبلی اجلاس اور ورک لوڈ کے باعث ایم کیوایم رہنما کی طبیعت خراب ہوگئی تھی۔میڈیا رپورٹس کے مطابق ایم کیو ایم پاکستان کے رہنما برین ہیمرج کا شکار ہوگئے ہیں جس پر انہیں کراچی کے نجی اسپتال کے آئی سی یو میں منتقل کیا گیا ہے۔رپورٹ کے مطابق ایم کیوایم رہنما کو ہائی بلڈ پریشر کے باعث برین ہیمرج ہوا۔کنور نوید جمیل کو انتہائی نگہداشت کے وارڈ میں رکھا گیا ہے۔گذشتہ روز طویل اسمبلی اجلاس اور ورک لوڈ کے باعث ان کی طبیعت خراب ہوگئی تھی۔ایم کیو ایم کے کنوینرز ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کارکنان اور عوام سے کنور نوید جمیل کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی اپیل کی ہے۔

**بقیہ نمبر 31**

اقلیتوں کی قیادت میں ملنے والے وفد اور پارٹی عہدیداروں سے گفتگو کررہے تھے۔ملاقات میں رومانہ بشیر، شہزاد فرانس، سیما مہیش وری، ناصر گل، نازیہ سردار، سون تھامس، سید ساجد نقوی، خرم لطیف کھوسہ سمیت دیگر شامل تھے۔انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عام آدمی اور اقلیتوں کی بات کی ہے، اقلیتوں کے حقوق کے حوالے سے بل اسمبلی میں پیش کرونگا۔سینئر صوبائی وزیر نے کہا کہ میری والدہ نے مجھے ہمیشہ انسانیت کی قدر اور عزت کرنیکی تلقین کی۔انہوں نے کہا کہ اقلیتوں کے حقوق کے لیے پیپلز پارٹی ہر سطح پر آواز بلند کرتی رہے گی۔قبل ازیں وفد کی طرف سے سینٹری ورکرز کو درپیش مسائل کے حوالے سے سفارشات پیش کی گئیں۔

پبلشر
احسان احمد سحر
پرنٹر
نسیم اختر
مطبع
گردیزی پرنٹنگ پریس بہاولپور
مقام اشاعت
535-536 سرور شاہ سٹریٹ احمد پور شرقیہ